تفصیل میں جانے سے پہلے آواز ( SOUND ) کی ساخت کا سمجھ لینا ضروری ہوگا۔ جب آپ اور ہم آپس میں گفتگو کرتے ہیں تو ہماری آواز فضا میں ایک ارتعاش پیدا کرتی ہے اور یہ ارتعاش ہمارے کانوں کے پردوں سے ٹکرا کر آواز کا احساس پیدا کرتا ہے۔ ہر ارتعاش کی اپنی مخصوص شکل ہوتی ہے اور اسی شکل کے اختلاف سے آواز کا مختلف ہونا سمجھ میں آتا ہے۔ مثلاً انسانی آواز اور کار کے ہارن کی آواز مختلف شکل کے ارتعاش پیدا کرتی ہے اور ہمارا ذہن انھیں ہمارے دیکھے بغیر تمیز کر لیتا ہے۔ اسی طرح دو انسانی آوازیں اپنی مماثلت کے باوجود بھی الگ الگ پہچانی جا سکتی ہیں۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ ہر آواز اپنے FUNDAMENTAL TONE کے علاوہ OVERTONES یا HORMONICS پر مشتمل ہوتی ہے۔ اس کی مثال یوں سمجھ لیجیے کہ جب آپ پانی میں کنکر پھینکتے ہیں تو پانی کی سطح پر کچھ لہریں پیدا ہوتی ہیں جو دائروں کے انداز میں پانی کی سطح پر آگے بڑھتی جاتی ہیں۔ لہروں کے یہ دائرے کبھی چھوٹے اور کبھی بڑے ہوتے ہیں، کبھی تیز اور کبھی آہستہ رو۔ اس کا انحصار کنکر کی ساخت، جسامت اور ٹکراؤ کی قوت پر ہوتا ہے۔ یہی کیفیت آواز کی کانوں کے پردے پر ہوتی ہے۔ یہاں دائروں کی مختلف شکلیں آوازوں کے مختلف ہونے کی نشاندہی کرتی ہیں۔ دائروں کی پیدا کردہ شکلوں کے اجسام کا براہ راست تعلق آواز کے OVERTONES اور FUNDAMENTALS سے ہوتا ہے۔ جو آپس میں ایک مستقل تناسب پر مشتمل ہوتی ہیں اور اس آواز کو اس کی نجی خصوصیت عطا کرتی ہیں۔ اس تناسب کی معمولی سی بھی تبدیلی آواز کی تبدیلی میں ظاہر ہوتی ہے اور ہمارے کان خفیف سے خفیف تبدیلی کو محسوس کر لیتے ہیں۔ یاد رکھیے کہ اچھی اور بھدی آوازوں میں محض HARMONICS اور FUNDAMENTAL کی بعض مناسبتوں کا ہی فرق ہوتا ہے۔ ورنہ [illegible] نہیں ہوتا۔

ان مبادیات کو ذہن میں رکھ کر اب نشر الصوت پر توجہ دیجیے۔ ایک زمانہ تھا کہ موسیقی یا گلوکار کے آرٹ سے محظوظ ہونے کے لیے آپ کا بذات خود اس محفل میں موجود ہونا ضروری ہوتا تھا۔ اب سائنس کی بدولت آواز کی تکبیر ( AMPLIFY ) کے سامان پیدا ہو گئے ہیں۔ آواز جہاں سے بھی نشر ہو خواہ ریڈیو اسٹیشن سے یا ریکارڈ سے یا ٹیپ سے، سب کی یہی کوشش ہوتی ہے کہ آواز اپنی اصلی حالت ( FIDELITY ) میں ہم تک پہنچے۔ قوت سامعہ کا یہ عجیب کرشمہ ہے کہ HARMONIES کی غیر فطری کمی و بیشی ( DISTORTION ) خواہ وہ کتنی ہی چھوٹی کیوں نہ ہو اس پر نہایت ہی ناگوار گزرتی ہے۔ بلکہ اکثر حالت میں پریشان کن بن جاتی ہے اس لیے HI-FIDELITY کی سب سے بڑی کوشش یہی ہوتی ہے کہ آواز خواہ کتنے ہی مدارج سے گزرے آپ کے کانوں تک وہ اصلی آواز سے بالکل مشابہ پہنچے۔ اگر ایسا نہ ہوا اور کسی طرح کا بھی DISTORTION خواہ وہ OVERTONES کے غیر فطری تناسب کا پیدا کردہ ہو یا ریڈیو کے "اندرونی ابھار" (INTERMODULATION DISTORTION) کا پیدا کردہ ہو یا آواز کی پاکیزگی میں شور ( NOISE ) کا نیا عنصر شامل [illegible]

ہو جاتی ہیں۔ یہ بڑی بد قسمتی کی بات ہے۔ لیکن جو احساس کی قوت تمیز سے ہی عاری ہوتے ہیں [illegible] آواز کی پاکیزگی اور موسیقی کی صداقت [illegible] لیکن اگر آپ موسیقی سے کچھ حظ حاصل کرنا چاہتے ہیں تو آپ کی [illegible] DISTORTION سے بھرا ہو [illegible] ELECTRONIC COMPONENT سے متاثر ہوتا ہے [illegible] ۹۰ سے ۹۹ فیصدی آوازیں اصلی حالت میں سنائی دیں۔ آپ کو یہ سن کر تعجب ہوگا کہ اگر آواز کی اصلیت ۹۸ فیصدی سے بھی کم ہو جائے تو نہ صرف یہ کہ وہ بدل جاتی ہے بلکہ تھوڑی دیر کے بعد ہی آپ LISTNER FATIGUE کے شکار ہو جاتے ہیں، بہت شور ہونے کی شکایت کرنے لگتے ہیں اور ریڈیو کا سوئچ گھما کر آواز ہلکی کر دیتے ہیں۔ اگر آپ کو اکثر حالتوں میں ایسا تجربہ ہوا ہے تو سمجھ لیجیے کہ آپ کے ریڈیو میں DISTORTION بہت ہے۔ آواز کے سلسلے میں یہ بات یاد رکھیے کہ ہر آواز کئی دائروں کا مرکب ہوتی ہے۔ ہمارے کان عموماً ان آوازوں کے مرکب FREQUENCY کو سن لیتے ہیں جو بیس سے تیس ہزار دائرہ فی سیکنڈ کے حساب سے مرتعش ہوتی ہیں۔ عمر کے ساتھ ساتھ اس میں فرق پڑنا شروع ہوتا ہے۔ ہماری سماعت خواہ کتنی ہی اچھی ہو ایک درمیانی عمر کا شخص عموماً چالیس سے بارہ یا تیرہ ہزار فی سیکنڈ پر مرتعش شدہ آواز سے زیادہ مرتعش پذیر آوازیں نہیں سن سکتا۔ باریک SOPRANO آوازیں عموماً HIGH-TREBLE کہلاتی ہیں اور زیادہ سے زیادہ سات آٹھ ہزار دائرہ فی سیکنڈ سے مرتعش ہوتی ہیں۔ بھاری ( BASS ) انسانی آوازیں دو سو فی سیکنڈ کے حساب سے مرتعش ہوتی ہیں۔ سو سے پانچ سو تک مرتعش ہونے والی آوازیں عموماً MIDRANGE کہلاتی ہیں۔

FUNDAMENTAL TONES اس سے بھی کم ہوتی ہیں۔ لیکن عموماً ان آوازوں کے ساتھ HARMONICS سات ہزار کے RANGE تک مکمل ہو جاتے ہیں۔ ہمارے بیشتر سازوں کی سنتر سے دس گیارہ ہزار تک اپنے II & III HARMONICS کو ملا کر مرتعش پذیری ختم ہو جاتی ہے۔ حالانکہ بعض ساز مثلاً آرگن کے پیڈل سے نکلنے والی C NOTES تیس فی سیکنڈ کے حساب سے مرتعش ہوتی ہیں۔ مختصر یہ کہ اگر ہم ایسا ریڈیو خریدیں جو پچاس سے بارہ ہزار تک مرتعش پذیر آوازوں کو بغیر کسی DISTORTION کے سنا سکے تو ریڈیو کی آواز صاف اور SMOOTH ہوگی۔ ریڈیو کی اس کارکردگی کی صفت کو FREQUENCY RESPONSE کہتے ہیں۔ ریڈیو خریدتے وقت سب سے پہلے یہی دیکھنا چاہیے کہ DISTORTION کے کس نقطے پر FREQUENCY RESPONCE کیا ہے۔ مثلاً

30 to 20,000 FREQUENCY RESPONSE AT .5 HARMONIC OR INTER MODULATION DISTORTION.

اگر اس میں اتنی تبدیلی آ جائے کہ 50 to 15,000 RESPONSE ہو تو بھی غنیمت ہے۔ بشرطیکہ .5 DISTORTION یعنی ½ فی صدی سے کم ہو۔ آج کل عموماً اچھی قسم کے ریڈیو (RECEIVER & SPEAKERS AMPLIFIER AND) کا FREQUENCY RESPONSE بیس سے بیس ہزار تک ہوتا ہے۔ اور DISTORTION ½ فی صدی سے کم ہی ہوتا ہے۔ اگر ریڈیو STEREO ہے تو دونوں CHANNELS کا ایک فی صدی سے کم DISTORTION ہونا چاہیے۔ ایک فی صدی سے زیادہ کی غلاظت قابل قبول نہیں ہونی چاہیے ورنہ آپ کا NERVOUS SYSTEM اس سے متاثر ہو سکتا ہے۔ اگر آپ کے پاس ٹیبل ریڈیو ہے تو اس کے مسائل الگ مضمون پر حاصل ہوں گے۔ لیکن اگر آپ CONSOLE STEREO یا COMPONENT SYSTEM خریدنے کا ارادہ رکھتے ہیں تو AMPLIFIER کی POWER RATING دوسری نہایت اہم مد ہے جو دیکھ لینی چاہیے۔ چونکہ ایک طرح کا AMPLIFIER پاور ہاؤس ہوتا ہے جو اسپیکر کو برقی طاقت اس طرح مہیا کرتا ہے کہ بیس سے بیس ہزار تک کی مرتعش پذیر آوازیں ½ فی صدی DISTORTION کی حد میں رہ کر آپ تک پہنچ سکیں۔ یہاں یہ بات ذہن نشین رکھنی چاہیے کہ بیس سے سو فی سیکنڈ کے حساب سے مرتعش ہونے والی آوازوں کو بہت زیادہ الیکٹرک پاور کی ضرورت ہوتی ہے۔ اسی طرح جب اکثر سارے ساز ایک ساتھ بج رہے ہوں جیسا کہ CRESCENDO کے وقت ہوتا ہے تو اچانک الیکٹرک پاور کی ضرورت محسوس ہوتی ہے لیکن اگر آپ کے AMPLIFIER پاور ہاؤس میں برقی طاقت کا ذخیرہ [illegible] DISTORTION کے پیدا نہیں کر سکتا اور [illegible]


ہنگامہ ابھرنے لگتا ہے۔ موسیقی شور کی چادر بن جاتی ہے اور سننے والے کو بجائے دلچسپی لینے کے چھوڑ دیتا ہے۔ اگر آپ کے [illegible] EFFICIENT ہیں تو کم پاور سے بھی کام چلایا جاتا ہے۔ ایک بات اور یاد رکھیے کہ پاور ریٹنگ کا R.M.S. یعنی اصلی ہونا ضروری ہے MUSIC POWER یا PEAK POWER [illegible] لکھ جاتے ہیں۔ 200 PEAK POWER [illegible] RECEIVER [illegible] 30 WATT PER CHANNEL R.M.S. [illegible] ریڈیو یا ریسیور خریدتے وقت [illegible] SPECIFICATION کا حامل ہو۔

FREQUENCY RESPONSE : 20 to 20000 HZ

DISTORTION : .5% OR LESS

R.M.S. POWER PER CHANNEL AT THE ABOVE DISTORTION: ABOUT 30 to 50 RMS WHEN BOTH CHANNEL DRIVEN (200 WATT MUSIC OR PEAK POWER APPROX.)

آئندہ مضامین میں ہم الگ الگ COMPONENTS پر تفصیل سے بحث کریں گے اور ان کی SPECIFICATIONS کے ساتھ ہی یہ معلوم کرنے کی کوشش کریں گے کہ COMPONENTS موسیقی پر کس طرح اثر انداز ہوتے ہیں اور آواز اور COMPONENTS کا کیا رشتہ ہوتا ہے!



# بہنوں کی محفل



## ڈبل روٹی گھر پر بنایئے



ڈبل روٹی آسانی سے گھر پر بنائی جاسکتی ہے۔ سخت گندھے ہوئے آٹے سے، جس میں خمیر ملا ہو، ڈبل روٹی بنائی جاتی ہے۔ ڈبل روٹی بنانے کے لئے جب آٹا گوندھا جاتا ہے تو اس میں پانی کے بجائے دودھ ملاتے ہیں۔ اگر دودھ کے ساتھ آلوؤں کی یخنی (آلو جس پانی میں ابالیں وہ پانی یخنی کے طور پر استعمال کریں) اور مسلے ہوئے آلو بھی آٹے میں ملادیں تو ڈبل روٹی زیادہ اچھی بنے گی۔ دودھ میں گندھے آٹے سے بنی ڈبل روٹی جلدی باسی نہیں ہوپاتی۔

اگر ڈبل روٹی جلدی بنانی ہے تو خمیر زیادہ مقدار میں ملانا ہوگا۔ ڈبل روٹی میں ملانے والے خمیر کو ییسٹ (YEAST) کہتے ہیں یہ بازاروں میں آسانی سے مل جاتا ہے۔ جلدی بنانے کے لئے ایک یا دو کیک ییسٹ ایک پیالی محلول کے حساب سے ملایئے جس میں آٹا گوندھا جائے گا۔ ورنہ ییسٹ کا آدھا کیک فی پیالی محلول کے حساب سے ملایئے۔ جتنی دیر تک گندھا ہوا آٹا رکھا رہے گا اتنا ہی زیادہ اس میں خمیر اٹھے گا۔ کوشش کریں کہ آٹا زیادہ دیر تک خمیر ہونے کے لئے رکھا رہے۔ اس طرح ڈبل روٹی میں اچھی خوشبو پیدا ہوگی۔ لیکن اگر بہت ہی زیادہ دیر تک آٹا رکھا رہنے دیا تو ڈبل روٹی میں کھٹاس پیدا ہو جائے گی۔

ڈبل روٹی دو طرح سے بنتی ہے۔ ایک اسپنجی طریقہ ہے اور دوسرا سادے پیڑے کا طریقہ۔ دونوں طریقوں کے لئے پہلے ییسٹ کو نیم گرم پانی میں ڈال کر گھولنا ہوگا۔ جب تک کہ آپ دوسری اشیاء کی ناپ تول کریں۔ ییسٹ کو گھلنے کے لئے رکھا رہنے دیں۔ چمچہ چلانے کی ضرورت نہیں۔ خود بخود حل ہو جائے گا۔

اسپنجی طریقہ سے ڈبل روٹی بنانے کے لئے محلول، ییسٹ، شکر اور ذرا سا آٹا ملا کر پہلے پتلی سی بنانی ہوگی۔ اسے ایک طرف رکھ دیں۔ جوں جوں وقت گزرے گا اس میں اسپنج کی سی کیفیت پیدا ہو جائے گی۔ جب یہ آمیزہ پھول کر اصل سے دوگنا ہو جائے تو اس میں باقی ماندہ آٹا اور نمک بھی ملا دیں اور اس وقت تک گوندھتی رہیں جب تک کہ ملائم اور لچکدار پیڑا نہ بن جائے۔ اب اسے خشک آٹا چھڑکے تختے پر رکھ کر ہاتھوں سے گوندھئے، یہاں تک کہ پیڑے کی سطح ساٹن کی طرح ملائم ہو جائے۔ اب اسے سانچے میں ڈال دیں۔ پیڑے کے اوپر ہلکا سا تیل لگائیں یا پھر ململ کا کپڑا پانی میں بھگو کر اوپر بچھا دیں تاکہ پیڑے کا اوپری حصہ سوکھنے نہ پائے۔ خیال رہے کہ سانچہ پیڑے سے بھرنے نہ پائے۔ ورنہ پھول کر باہر کو لٹک جائے گا اور ڈبل روٹی کی صورت خراب ہو جائے گی۔ پیڑا رکھنے کے بعد سانچہ آدھا خالی ہونا چاہئے۔

سادے طریقہ سے ڈبل روٹی بناتے وقت تمام اجزاء اکٹھے ملا لئے جاتے ہیں۔ اور انہیں ملا کے فوراً ہی بعد گوندھ لیا جاتا ہے۔ خوب اچھی طرح گوندھنے کے بعد جب پیڑے میں ساٹن کی سی خصوصیات پیدا ہو جائیں تو اسے سانچے میں ڈال دیں۔ سانچے کی سطح کو چکنا کرلیں۔ اور اوون میں رکھ کر۔ اوپری ... جب آمیزہ کا حجم اصل سے تین گنا ہو جائے تو نکال لیں۔ ڈبل روٹی تیار ہے۔

[illegible] فوری ... شیا ... نا بچائے ... پ ...
پائی تھی:
... [illegible]
(شاہدہ ...)

---

غنی نے ایسی چابک دستی دکھلائی اور وہ چابک رسید کیے کہ راہ راست پر آگئے اور ڈھنگ کی چال چلنے لگے۔ جیسا کہ میں نے پہلے کہا ہے یہ اردو کا واحد مختصر افسانہ ہے جس میں ۲۰۰ کردار موجود ہیں اور اس اعتبار سے اُردو ادب کا یہ پہلا افسانہ ہے جسے پڑھنے کے بعد قاری کو یہ احساس ہوسکتا ہے کہ ہمارے ملک کی آبادی کس رفتار سے بڑھ گئی ہے۔ آبادی میں اضافے کے موضوع پر بھی غالباً یہ پہلا افسانہ ہے۔ اب آپ اس افسانے کو شائع کریں تو آپ ہمارے ... [illegible] ... ساتھ ہوگا۔

اُمید ہے کہ آپ ایسے زرّیں موقع کو ضائع نہ ہونے دیں گے اور نہایت ہی قریبی اشاعت میں اسے جگہ دیں گے۔ مطلع فرمایئے کہ آپ کی سب سے قریبی اشاعت کتنے ہفتوں بعد عمل میں آ رہی ہے؟

ڈاکٹر نذیر بخت کمبخت پی۔ ایچ۔ ڈی

جناب ایڈیٹر صاحب!

مجھے یہ جان کر شدید صدمہ ہوا کہ آپ اپنا رسالہ بند کر رہے ہیں اور یہ کہ آیندہ ماہ سے آپ کے رسالے کا کوئی شمارہ شائع نہ ہوگا۔ مجھے یہ صدمہ اس لئے بھی ہو رہا ہے کہ دو سال پہلے میں نے آپ کی خدمت میں جو افسانہ روانہ کیا تھا وہ ابھی تک شائع نہیں ہوا ہے۔ اب اگر آپ کا رسالہ ہمیشہ ہمیشہ کے لیے بند ہو جائے تو بتایئے اب میں کہاں جاؤں، کس کا در کھٹکھٹاؤں، کس کے آگے ہاتھ پھیلاؤں، کس کی منت سماجت کروں۔ ہائے میں تو لُٹ گیا، تباہ ہو گیا۔ کسے معلوم تھا کہ آپ کا رسالہ عین عالم شباب میں داعیٔ اجل کو لبیک کہہ بیٹھے گا اور یوں مجھے یتیم و یسیر بنا کر چھوڑ دے گا۔ اگر میرے افسانے کی اشاعت کے بعد آپ کا رسالہ دم توڑ دیتا تو کم از کم لوگوں کو یہ تو معلوم ہو سکتا کہ آخر رسالے کے بند ہونے کی اصل وجہ کیا تھی۔ اب یوں بیٹھے بٹھائے اس کا بند ہونا بُری طرح کھٹک رہا ہے۔ لہٰذا ایک ترکیب میرے ذہن میں آئی ہے یعنی آپ اپنے رسالہ کا ایک شمارہ بہرصورت شائع کریں جس میں میرا افسانہ شامل ہو۔ اس شمارہ کے نکالنے میں جو مصارف آئیں گے وہ میں برداشت کروں گا۔ چنانچہ مبلغ ۔۔۔ سو روپے بطور پیشگی آپ کی خدمت میں بذریعہ منی آرڈر روانہ کئے جا رہے ہیں۔ افسانہ کی وصولی کی تو آپ نے کوئی اطلاع نہیں دی تھی۔ کم از کم منی آرڈر کی وصولی کی اطلاع مرحمت کیجئے۔

اگلے شمارے میں اپنا افسانہ دیکھنے کا متمنی ــــــــ کمبخت

### گاجر کا حلوہ

گاجر ایک سیر۔ دودھ دو سیر۔ گھی ایک پاؤ۔ کھویا آدھ پاؤ۔ چینی آدھ سیر۔ یا حسب پسند۔ بادام کی گری ایک چھٹانک۔ پستہ آدھ چھٹانک۔ ناریل ایک چھٹانک۔ چاندی کے ورق۔

گاجروں کو چھیل کر کدوکش کرلیں۔ پھر انہیں دودھ میں ڈال کر خوب پکائیں اور کفگیر چلاتی رہیں۔ جب دودھ خشک ہو جائے تو چینی اور گھی اس میں ڈال دیں۔ اور خوب بھونیں۔ جب گاجر کچھ گھی چھوڑ دے تو اس میں کھویا بھی ڈال دیں اور بھونتی رہیں جب خوشبو آنے لگے اور گاجر اچھی طرح گھی چھوڑ دے تو اتار لیں پھر ناریل بادام اور پستہ باریک کاٹ کر اوپر ڈال دیں اور چاندی کے ورق لگا کر پیش کریں۔

(ثریا زیدی۔ ایم۔ اے)

... [illegible] ...

---

(پہلی قسط)

[illegible]

## اوبھوا ... [illegible]

[illegible]

اُمید ہے کہ آپ خیریت سے ہوں گے اور خیریت سے اس لیے بھی ہوں گے کہ گزشتہ چھ ماہ سے آپ کا رسالہ بڑی پابندی سے شائع ہو رہا ہے۔ اگر آپ خیریت سے نہ ہوتے تو رسالہ اس قدر پابندی سے کیوں کر شائع کرسکتے۔ کئی دنوں سے سوچ رہا تھا کہ آپ کے رسالے کے لیے کچھ نہ کچھ لکھوں، کیونکہ مجھے آپ کا رسالہ بہت پسند ہے۔ چنانچہ جب بھی سودا سلف خریدنے بازار جاتا ہوں تو دکاندار سے کہہ دیتا ہوں کہ "میاں! خشخاش، زیرہ، دھنیہ، غرض ہر شئے آپ ہی کے رسالے کے اوراق میں باندھی جائے۔" اگر کبھی اس کے پاس پُڑیاں باندھنے کے لیے آپ کے رسالے کے اوراق نہیں ہوتے تو دوسری دکان سے سودا خریدتا ہوں۔ آپ اندازہ لگا سکتے ہیں کہ مجھے آپ کے رسالے سے کس قدر پیار ہے اور اسی پیار کا نتیجہ ہے کہ میرا دکاندار اب صرف میرے گھر کا سودا سلف باندھنے کے لیے آپ کے رسالے کا مستقل خریدار بن گیا ہے چنانچہ وہ صفحات کے تسلسل کا لحاظ کرتے ہوئے مختلف اشیاء باندھتا ہے اور آخر میں اشیاء کی فہرست یوں مرتب کرتا ہے کہ "صفحات ایک تا دو، دھنیہ ایک چھٹانک، زیرہ دو چھٹانک، ملاحظہ ہو صفحات ۳ تا ۴، شمارہ ۱۰، جلد ۹۔ ہلدی پاؤ سیر۔ نوٹ: صفحات ۵ تا ۶ کے اوراق میں ہلدی اس لئے نہیں باندھی گئی کہ اس پر ایک آزاد نظم شائع ہوئی تھی۔ اس ورق کو مفاد عامہ کے پیش نظر تلف کر دیا گیا ہے۔" اس تفصیلی فہرست کے کر گھر آتا ہوں، سامان بیوی کے حوالے کرتا ہوں اور آپ کے رسالہ کے اوراق پارینہ کا مطالعہ شروع کر دیتا ہوں۔ جب یہ صفحات ختم ہو جاتے ہیں تو بیوی سے پیسے لیتا ہوں اور پھر سودا لانے کے لیے بازار چلا جاتا ہوں۔ گویا آپ کے رسالے سے میری والہانہ محبت کے باعث یہ کہنا پڑتا ہے کہ "ایک چکّر ہے مرے پاؤں میں زنجیر نہیں۔"

یہ تمہید میں نے اس لیے باندھی ہے کہ میں آپ کے لیے اور آپ کے رسالہ کے لیے اپنے دل میں بڑا خلوص رکھتا ہوں اور اسی کا نتیجہ ہے کہ میں اپنا تازہ افسانہ آپ کی خدمت میں روانہ کر رہا ہوں۔ مجھے اُمید ہے کہ آپ اس افسانے کو اپنے رسالے میں جگہ دیں گے۔ میں آپ کو یقین دلاتا ہوں کہ اس افسانہ کی اشاعت کے ساتھ ہی آپ کے رسالے کی تعداد اشاعت میں پچاس کاپیوں کا اضافہ ہوگا۔ کیونکہ یہ پچاس کاپیاں میں خود خریدوں گا اور اپنے دوستوں اور عزیزوں کے پاس روانہ کروں گا تاکہ وہ مستقبل میں میرا احترام کرنے لگیں۔

فیاض بے نیازی بی۔ اے۔ ایل ایل۔ بی

اَدب کے بے تاج بادشاہ!

یہ بندہ آپ کی خدمت میں ایک افسانہ "فرسٹ اِن فرسٹ" روانہ کر رہا ہے۔ اس افسانے کی خصوصیت یہ ہے کہ یہ ہر اعتبار سے "فرسٹ اِن فرسٹ" ہے۔ کیا بلحاظ عنوان اور بلحاظ متن۔ میں یہ کہوں تو بیجا نہ ہوگا کہ اس افسانے کو اُردو ادب میں کئی اعتبار سے "اوّلین" اہمیت حاصل ہوگی۔ مثلاً یہ میرا پہلا افسانہ ہے جو پہلی مرتبہ میرے نام سے شائع ہو رہا ہے، اس افسانے کی خصوصیت یہ ہے کہ اس میں بیک وقت ۲۰۰ کردار موجود ہیں جن میں سے ۴۰ فیکٹری مزدور ہیں، ۲ سپروائزر ہیں، ایک منیجر ہے، ۴ سیلز گرلز، پندرہ گھوڑے، پندرہ گھڑ سوار، دو بندر، چار کتے، ایک عدد طوطا (نر)، ایک عدد طوطا (مادہ)، ایک حلوائی، ایک حجام، ایک سیاسی لیڈر، دو سماجی کارکن اور باقی متفرق کردار ہیں۔ آپ کی نظر سے صرف چار صفحات پر مشتمل ایسا افسانہ نہ گزرا ہوگا جس میں بیک جنبش قلم ۲۰۰ کردار ٹھونسے گئے ہوں۔ گویا افسانہ کیا ہے ایک ایسی خانہ ہے جس میں اتنے سارے کرداروں کو بند کر دیا گیا ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ بڑے سے بڑے ناول میں بھی کسی نے اتنے سارے کرداروں کو یکجا کرنے کی کوشش نہیں کی ہوگی۔ اگر تمہیں بھی کیا ہو تو کوئی نہ کوئی کردار نظر بچا کر بھاگ گیا ہوگا۔ یہ تو صرف میری فن کارانہ چابک دستی کی دلیل ہے۔ 'چابک دستی' اس لیے کہ اس افسانے میں پندرہ گھوڑے بھی ہیں جو بار بار افسانے کے پلاٹ سے بھاگ جانے کی کوشش کر رہے تھے لیکن

# گندم اور دالوں کی تمام پیداوار حکومت اپنی تحویل میں لے لے گی

گرانی ختم کرنے اور قیمتوں کو اعتدال پر لانے کے لئے بعض نہایت موثر اقدامات کئے جا رہے ہیں

## کنسورشیم کے ممالک مشرقی پاکستان میں خرچ ہونے والے قرضے پاکستان سے وصول نہیں کریں گے

### اپریل تک پاکستان پر ۹۸ ارب کروڑ ڈالر کے غیر ملکی قرضے واجب الادا تھے

چین نے اپنے تمام قرضے امداد میں بدل دیئے : مبشر حسن

اسلام آباد — [illegible]

[illegible]

## اب پیپلز پارٹی کی صفوں میں کوئی سمگلر یا بددیانت شخص نہ گھس سکے گا

پارٹی کو کارکن عوام کو متاثر کرنے کے لیے اپنا کردار مثالی بنائیں: فضل الٰہی صدر پیپلز پارٹی

[illegible]

### دسمبر کے پہلے ہفتے میں ۱۳ ہزار دو سو جنگی قیدی وطن واپس پہنچیں گے

[illegible]

### پاکستان اور روس کی دوستی میں اضافہ ہو رہا ہے گا : برزنیف

راولپنڈی — تاس، روس کی کمیونسٹ پارٹی کے جنرل سیکرٹری مسٹر برزنیف نے ... پاکستان اور روس میں دوستی اور تعاون میں مزید اضافہ ہوگا ... [illegible]

## ملتان کے ہنگاموں کی تحقیقات ہائی کورٹ کے جج سے کرائی جائیگی

ہلاک ہونے والے طالب علم کے ورثا کیلئے دس ہزار روپے کی امداد کا اعلان

طلباء پر اتنے زیادہ تشدد کا ہرگز کوئی جواز نہ تھا : مختار اعوان

ملتان — (نمائندہ خصوصی) صوبائی وزیر محنت و بلدیات مسٹر مختار اعوان نے آج ... زخمی طالب علموں ... کی عیادت کی ... [illegible]

### جاوید ہاشمی اور دیگر طالب علم رہنما گرفتار کر لیے گئے

ملتان — (نمائندہ خصوصی) ملتان پولیس نے آج پنجاب یونیورسٹی سٹوڈنٹس یونین کے سابق صدر مسٹر جاوید ہاشمی ... [illegible]

## پشاور اور مردان میں پختون زلمے کے ۹۳ کمانڈر گرفتار کر لیے گئے

گرفتاریاں ڈیفنس آف پاکستان رولز کے تحت عمل میں لائی گئیں

پشاور — حکومت نے ڈیفنس آف پاکستان رولز کے تحت مسلح تنظیم پختون زلمے کے ۹۳ کمانڈر گرفتار کر لیے ہیں ... [illegible]

### روسی اسلحہ بے حد موثر ثابت ہوا ہے : یاسر عرفات

[illegible]

### بنگلہ دیش سے صرف پانچ ہزار افراد حج پر جائیں گے

اسلام آباد — [illegible]

### عرب ملکوں نے پاکستان کو اسلحہ دیا تھا

نئی دہلی — [illegible]

---

# مشرقی پاکستان کے وقت جنرل نیازی کے منہ سے الفاظ میں نہیں نکلتے تھے

## وائس ایڈمرل محمد شریف اور جنرل انصاری کا غم و اندوہ دیدنی تھا

[illegible]

# افغانستان کبھی پاکستان پر حملے کی غلطی نہیں کرے گا

## بعض طالع آزما ہنوز افغانستان کو پاکستان کے خلاف بھڑکا رہے ہیں

[illegible]

# افغانستان کی تین ڈویژن فوج نے ایک ہمسایہ ملک میں تربیت مکمل کر لی

## پاکستان کے سرحدی صوبوں میں گڑبڑ پھیلانے کی مذموم تیاریاں

[illegible]

## وزیر اطلاعات کی یقین دہانی پر جسارت سے متعلق تحریک واپس لے لی گئی

[illegible]

# میکلوڈ روڈ کا نام بدل کر ظفر علی روڈ رکھ دیا جائے گا

## حمید نظامی مرحوم مولانا ظفر علی خاں کے صحیح جانشین تھے: حنیف رامے

### صحافت پر حکومت کا قبضہ نہیں، مولانا ظفر علی خاں کی برسی کے موقع پر مقررین کا اظہار خیال

[illegible]

## مصنوعی دودھ تیار کر لیا گیا

[illegible]

# پاکستان کو دفاعی ضروریات کے لیے امریکہ اسلحہ مہیا کرنے کا پابند ہے

## افغانستان کوئی گڑبڑ کرے تو پاکستان اس کا جواب دے سکتا ہے۔ کرنل سائمن [illegible]

[illegible]

# پی آئی اے کی کارکردگی بہتر بنانے کے لیے اہم فیصلے

## وزیر اعظم کی زیر صدارت اجلاس میں مختلف امور پر غور کیا گیا

[illegible]

# بھارت میں پچاس ہزار پاکستانی جنگی بے گھر موجود ہیں

## پاکستان سے ان کی آبادکاری کے لیے معقول انتظام کرنے کے لیے کہا گیا ہے

[illegible]

# صدائے پاکستان

"صحافت ایک بہت بڑی قوت ہے جو فائدہ بھی پہنچا سکتی ہے اور نقصان بھی۔ اگر یہ ٹھیک نہج پر ہو تو یہ عامہ کی رہنمائی بھی کر سکتی ہے۔"


## اسلامی سیکرٹریٹ میں پاکستان کی نمائندگی

جدہ میں اسلامی سیکرٹریٹ اس مقصد کے تحت قائم کی گئی تھی کہ اسلامی ممالک کے مابین باہمی رابطوں کو مزید مضبوط و مستحکم کیا جائے نیز مسلمانوں کے اجتماعی مفادات کی نگہداشت کی جائے۔ اس سیکرٹریٹ میں ملازمتوں کے ضمن میں ہر مسلم ملک کے لئے کوٹہ مختص کیا گیا تھا لیکن اس مشن میں پاکستان کی بھرپور دلچسپی کے باوجود اسے نمائندگی نہیں مل سکی۔ کوٹہ سسٹم کے تحت پاکستان سے ایک اسسٹنٹ ڈائریکٹر لیا جانا تھا لیکن اس عہدہ کو کسی پاکستانی سے پُر کرنے کی بجائے اسلامی سیکرٹریٹ کے سیکرٹری جنرل تنکو عبدالرحمٰن نے حکومت پاکستان سے صلاح مشورے کے بغیر برطانیہ میں مقیم ایک ایسے شخص کو چن لیا جو چھ سال قبل برطانیہ کی شہریت اختیار کرکے مستقلاً وہیں آباد ہو چکا ہے۔ تنکو عبدالرحمٰن کی اس ذاتی پسند اور انتخاب کی طرف مرکزی وزیر دفاع نے بھی اشارہ کیا ہے۔ تنکو عبدالرحمٰن نے ملائیشیا کے وزیراعظم کی حیثیت میں ۱۹۶۵ء کی پاک بھارت جنگ میں جو کردار ادا کیا تھا اور اس کے بعد جس طرز عمل کا مظاہرہ کرتے رہے۔ اس کے پیش نظر ہم ان کے بارے میں کسی حسن ظن سے کام نہیں لے سکتے۔ اب وہ اسلامی سیکرٹریٹ میں پاکستان کی نمائندگی کو غیر موثر بنانے کے لئے حکومت پاکستان سے مشورہ کئے بغیر خود ہی فیصلے کر رہے ہیں اس کا نتیجہ یہ نکلا ہے کہ پاکستان نے اپنے کوٹے کے لئے جو شخص اپنا نمائندہ بنا کر جدہ بھیجنا چاہا اسے قبول نہیں کیا جا رہا اس نمائندہ کے ساتھ عملہ کے طور پر جو پاکستان جانے کی تیاریاں کر چکے تھے وہ بھی تذبذب کے عالم میں پریشان بیٹھے ہیں اگر تنکو صاحب برطانیہ چلے جانے والے ایک پاکستانی پر اتنے ہی مہربان تھے تو وہ اسے کسی دوسرے کوٹہ کے زمرہ میں جدہ لے جا سکتے تھے۔ پاکستان کے سعودی عرب کی حکومت کے ساتھ تعلقات بہت اچھے ہیں اس لئے حکومت کو اپنا اثر و رسوخ استعمال کرکے سیکرٹری جنرل کے پسندیدہ شخص کی جگہ کسی پاکستانی کو بھیجنا چاہئے۔

یہ بھی معلوم ہوا ہے کہ تنکو صاحب کی مدت عہدہ اگلے ماہ ختم ہو رہی ہے۔ ان کی جگہ مصر کے حسن تہامی لیں گے حکومت کو چاہئے کہ وہ ابھی سے ان سے رابطہ قائم کرے تاکہ وہ اپنے عہدہ کا چارج سنبھالیں تو ان سے [illegible] کی بالادستی بلا تاخیر [illegible] جا سکے [illegible] ہم [illegible] کا ذکر بھی کریں [illegible] پاکستانیوں کو بھیجنے کے [illegible] سرکاری [illegible] [illegible] پاکستانی [illegible] [illegible] تنکو عبدالرحمٰن [illegible]

## "پاکستان کے وفادار بہاری"

"کوہستان" لاہور نے بنگلہ دیش کے مظلوم و مقہور بہاریوں پر اپنی ایک تازہ اشاعت میں "پاکستان اور حرماں نصیب بہاری" کے زیر عنوان اداریہ لکھا ہے جس کا ترجمہ قارئین کی دعوت فکر دیتے ہوئے کسی تقدیم کے بغیر درج ذیل کیا جاتا ہے:-

قدرت کی ستم ظریفی سمجھئے کہ مشرق وسطیٰ میں قیام امن کے چھ نکاتی منصوبے کا تصور پیش کرتے وقت امریکی وزیر خارجہ ڈاکٹر ہنری کیسنجر پھر اسلام آباد ہی میں تھے۔ اور یہ حقیقت فراموش نہیں کی جا سکتی کہ جب بھی کوئی منصوبہ امن تیار کیا جاتا ہوتا ہے تو امریکہ کو اس مقصد کی تکمیل کے لیے اسلام آباد ہی دکھائی دیتا ہے۔ لیکن جب پاک بھارت جنگ ۱۹۷۱ کے بعد پاکستان بھارت اور بنگلہ دیش کے مابین بات چیت ہوئی تو چھ لاکھ بہاریوں کا مسئلہ فراموش کر دیا گیا۔ جنہیں غیر بنگالی اور پاکستان کے وفادار سمجھا جاتا ہے اور جو پہلے بھی اور اب بھی متحدہ پاکستان (مشرقی و مغربی پاکستان) کے نظریہ کے حامی ہیں اور آج بنگلہ دیش میں پھنسے ہوئے اور طرح طرح کی مصیبتوں اور مصائب کا شکار بنے ہوئے ہیں

شیخ مجیب کی حکومت کے مطابق ان میں سے ۲ لاکھ ۶۰ ہزار نے مغربی پاکستان میں آباد ہونے کی خواہش ظاہر کر دی تھی اور ان کا سب سے بڑا جرم ہی یہی سمجھا جا رہا ہے لیکن باقی بہاری بھی ابھی دو لاکھ ساٹھ ہزار پاکستانی وفاداروں کی سزا بھگت رہے ہیں اور ریڈکراس کے امدادی کیمپوں میں پڑے ہوئے ایڑیاں رگڑ رگڑ کر موت کا انتظار کر رہے ہیں۔

"مسٹر بھٹو نے وعدہ کیا تھا کہ وہ ان مقہور اور مظلوم افراد میں سے دو لاکھ یا شاید اس سے زیادہ افراد کو پاکستان میں منتقل کر لیں گے لیکن معاہدہ دہلی سے پہلے ہی انہوں نے اپنا یہ وعدہ فراموش کر دیا اور یہ کہہ دیا کہ ہم بہاریوں کی خاصی تعداد قبول کر لیں گے۔ اب یہ خاصی تعداد کتنی ہو سکتی ہے اس کا اندازہ مسٹر بھٹو ہی کو ہے بھارتی وزیر اعظم اندرا گاندھی کا اندازہ یہ تھا کہ پاکستان کم سے کم ستر ہزار بہاریوں کو قبول کرے گا۔ لیکن اب جبکہ پاکستانیوں اور بنگالیوں کا تبادلہ ہوائی جہازوں کے ذریعے شروع ہو چکا ہے۔ بنگلہ دیش سے جو غیر بنگالی اور پاکستانی واپس آئے ہیں ان کی تعداد سے مایوسی پیدا ہو رہی ہے۔ اس سلسلے میں اگر پاکستان پر الزام عائد نہ کیا جائے تو اور کیا کہا جائے

کیا پاکستان کی حکومت کو یہ نظر نہیں آ رہا کہ پاکستان سے بنگالیوں سے بھرے ہوئے طیارے ڈھاکہ روانہ ہوتے ہیں اور جب وہ واپس آتے ہیں تو ان میں پاکستانی یا پاکستان کے حامی کتنے افراد آتے ہیں؟ کیا مغربی پاکستان یا بنگلہ دیش سے صرف ایسے بہاری آ رہے ہیں جو صاحب ثروت تھے اور اب بھی مالدار ہیں کیونکہ ان کے سرمائے غیر ممالک کے بنکوں میں محفوظ ہیں۔ اس صورت کے پیش نظر نہیں کہا جا سکتا کہ مسٹر بھٹو نے جن ستر ہزار بہاریوں کو سینے سے لگا لینے کا تصور دیا تھا۔ ان میں سے کتنے ایسے خوش نصیب ہوں گے جو پاکستان آ سکیں گے۔ جہاں تک بنگلہ دیش میں پھنسے ہوئے باقی بہاریوں کا معاملہ ہے وہ اس امید پر کیمپ اور بستیاں چھوڑ کر ڈھاکہ میں اکٹھے ہو گئے ہیں کہ انہیں پاکستان منتقل کر دیا جائے گا۔ مگر ان کی مایوسی اور حرماں نصیبی کا اندازہ کون کرے؟

یہ صورت حال واقعی حد درجہ المناک ہے اور اس سلسلہ میں پاکستانی حکومت ہی کو سب سے زیادہ مورد الزام ٹھہرایا جا سکتا ہے یہ ٹھیک ہے کہ مسٹر بھٹو نے عنان حکومت اس وقت سنبھالی جب پاکستان پر بہت بڑا بحران آ چکا تھا لیکن انہوں نے کسی نہ کسی طرح اس صورت حال پر قابو پا لیا ہے اور اپنی حکومت پر عوام کا اعتماد بھی بہت حد تک حاصل کر لیا ہے۔ لیکن اس کے باوجود بنگلہ دیش کو تسلیم نہیں کیا جا رہا اور اس کے علاوہ پاکستان کی قومی اسمبلی میں مشرقی پاکستان کے نمائندے بھی بدستور موجود ہیں۔ تو کیا اس ضمن میں یہی کہا جائے کہ لاکھوں بہاری اس لیے بنگلہ دیش میں اذیتوں اور صعوبتوں کے حوالے کر دیئے گئے ہیں کہ انہیں اب بھی یہ امید ہے کہ بنگلہ دیش کبھی پھر مشرقی پاکستان بن جائے گا۔؟ کیا یہ حقیقت نہیں ہے کہ ان مظلوم بہاریوں کو سیاسی اچھوت بنایا جا رہا ہے؟

دیکھے تو زمانے کو اگر اپنی نظر سے
افلاک منور ہوں ترے نور سحر سے
دریا متلاطم ہوں تری موج گہر سے
شرمندہ ہو فطرت ترے اعجاز ہنر سے
اغیار کے افکار و تخیل کی گدائی!
کیا تجھ کو نہیں اپنی خودی تک بھی رسائی
(ضرب کلیم)

## "غیر جانبدار"

[illegible] اور اندرا امن کے اوتار ہیں دونوں
[illegible] ہیں [illegible] ہیں دونوں
یہ مشرق و مغرب سے کوئی مطلب نہیں رکھتے
[illegible] "غیر جانبدار" ہیں دونوں

(وقار انبالوی)

## زر بصیرت

### خطبہ تبوک

حضور اکرمؐ نے رجب سنہ ۹ ہجری میں میدان تبوک میں مندرجہ ذیل خطبہ ارشاد فرمایا۔ حمد و صلوٰۃ کے بعد فرمایا: "سب سے سچی بات اللہ کی کتاب ہے اور سب سے زیادہ قابل اعتماد چیز تقویٰ کی بات ہے۔ بہترین ملت ابراہیمؑ کی ملت ہے اور بہترین طرز زندگی محمدؐ کا طرز زندگی ہے سب سے اشرف بات اللہ کا ذکر ہے اور سب سے اچھا قصہ یہ قرآن ہے۔ بہترین کام وہ ہیں جو نص سے ثابت۔ (یعنی قرآن پاک اور حضور اکرمؐ کے فرمان کے مطابق ہیں) ۔ اور بدترین کام بدعات ہیں۔"

"بہترین طریقہ نبیوں کا طریقہ ہے سب سے زیادہ عزت کی موت شہیدوں کی موت ہے۔ بدترین بے بصارتی ہدایت کے بعد گمراہی اختیار کرنا ہے۔ بہترین عمل وہ ہے جو نفع بخش ہو۔ بہترین ہدایت وہ ہے جس کی پیروی کی جائے۔ سب سے بڑی نابینائی دل کا اندھا ہو جانا ہے۔ اوپر کا ہاتھ (دینے والے کا) نیچے کے ہاتھ (لینے والے کے ہاتھ) سے بہتر ہے۔ تھوڑی چیز جو کافی ہو اس 'زیادہ' سے بہتر ہے جو غفلت میں مبتلا کر دے۔ بدترین معذرت وہ ہے جو موت کے وقت کی جائے۔ بدترین ندامت وہ ہے جو قیامت کے دن ہو گی۔"

"بعض وہ ہیں جو جمعہ میں دیر سے آتے ہیں۔ بعض لوگ وہ ہیں جو اللہ کا ذکر چھوڑ چھوڑ کر کرتے ہیں۔ سب گناہوں سے بڑا گناہ جھوٹی زبان ہے۔ بہترین تونگری دل کی بے نیازی ہے۔ بہترین توشہ تقویٰ ہے دانائی کی بنیاد خوف خدا ہے۔ دل نشین باتوں میں سب سے بہتر یقین ہے۔ شک میں مبتلا رہنا کفر کی ایک قسم ہے۔"

"نوحہ کرنا جاہلیت کا کام ہے۔ مال غنیمت میں خیانت کرنا جہنم کا ایندھن اکٹھا کرنا ہے۔ شعر گوئی ابلیس کے کاموں میں سے ہے شراب گناہوں کا مجموعہ ہے۔ عورتیں شیطان کا جال ہیں۔ جوانی جنون کا شعبہ ہے۔ بدترین کمائی سود کی کمائی ہے۔ بدترین کھانا یتیم کا مال کھانا ہے۔ نیک بخت وہ ہے جو دوسروں سے نصیحت حاصل کرے۔ بدبخت وہ ہے جو ماں کے پیٹ سے شقی ہو۔"

"یاد رکھو! تم میں سے ہر ایک کو چار گز زمین میں جانا ہے۔ اور سب کا معاملہ آخرت تک پہنچے گا۔ عمل کا دارومدار انجام اور خاتمے پر ہے۔ بدترین مزاج جھوٹ کا مزاج ہے۔ ہر آنے والی چیز قریب ہے مومن کو گالی دینا گناہ ہے۔ اسے قتل کرنا کفر ہے۔ اس کا گوشت کھانا (غیبت کرنا) اللہ کی نافرمانی ہے۔ اس کا مال اس کے خون کی طرح محترم ہے۔ جو شخص بلا ضرورت اللہ کی قسم کھاتا ہے اللہ تعالیٰ اسے جھوٹا کر دیتا ہے اور جو شخص اللہ سے مغفرت طلب کرتا ہے اللہ اسے معاف فرما دیتا ہے۔"

سنا ہے میں نے غلامی سے امتوں کی نجات
خودی کی پرورش و لذت نمود میں ہے
(اقبالؒ)

شمالی امریکہ میں اردو کا سب سے پہلا اخبار

پندرہ روزہ
صدائے پاکستان
ٹورونٹو، کینیڈا

اَلَآ اِنَّ اَوْلِیَآءَ اللّٰہِ لَا خَوْفٌ عَلَیْھِمْ وَلَا ھُمْ یَحْزَنُوْنَ

جلد ۲ — شمارہ ۱۹

# حکومت عوام کو تمام بنیادی سہولتیں مہیا کریگی: وزیراعظم بھٹو

## ہم نے عام آدمی کی حالت کو بہتر بنانے کا تہیہ کر رکھا ہے
### سستے مکانوں کے منصوبوں کو تیزی کے ساتھ مکمل کرنے کی ہدایت
### وزیراعظم کا حیدرآباد کی پُرتعفن گلیوں کا دورہ

حیدرآباد، (اپ پ) وزیراعظم ذوالفقار علی بھٹو نے کہا ہے کہ حکومت نے عوام کو بنیادی سہولتیں مہیا کرنے کا جو وعدہ کر رکھا ہے اسے ضرور پورا کیا جائے گا اور اس ضمن میں ٹھوس کوششیں کی جا رہی ہیں۔ انہوں نے کراچی سے یہاں پہنچنے کے بعد سستے مکانوں کے منصوبے کا معائنہ کرتے ہوئے کہا کہ ہم نے عام آدمی کی حالت کو بہتر بنانے کا تہیہ کر رکھا ہے۔ ملک کے مختلف شہروں میں غریب لوگوں کو رہائشی سہولتیں مہیا کرنے کے لئے سستے مکانوں کے منصوبے بنائے گئے ہیں اور حکام کو چاہئے کہ وہ ان منصوبوں کو جلد سے جلد مکمل کریں تاکہ عوام کو ایک بڑی فکر سے نجات ملے اور ضرورت مندوں کو رہائشی سہولتیں مہیا کی جا سکیں۔ حیدرآباد میں سستے مکانوں کا منصوبہ ۷۵ لاکھ روپے کی لاگت سے مکمل کیا جا رہا ہے۔ اس منصوبے کے تحت دو دو کمروں والے سستے فلیٹ تعمیر کئے جا رہے ہیں۔ وزیراعظم کو چارٹوں اور نقشوں کی مدد سے منصوبوں کے مختلف پہلو بتائے گئے۔ مسٹر بھٹو نے حکام سے کہا کہ مکانوں کی تعمیر کے ساتھ ساتھ گندے پانی کے نکاس، پانی کی سپلائی اور سڑکوں کی تعمیر کا کام بھی مکمل ہو جانا چاہئے۔

باقی صفحہ نو کالم ۵ پر

### وزیراعظم بھٹو متحدہ عرب ریاستوں کا بھی دورہ کریں گے



فلسفی ... آئے ہیں کہیں زیادہ عظیم تھے

### یادگار اتاترک کی نقاب کشائی کے موقع پر ترک راہنما کو وزیراعظم بھٹو کا شاندار خراج عقیدت

## برطانیہ میں مقیم پاکستانی اب تک ۹۶ کروڑ روپے پاکستانی صنعتوں میں لگا چکے ہیں
### دوہری قومیت کی رعایت دینے کا خوش گوار نتیجہ

### وزیراعظم نے اپنے خاندانی ملازم کی بیمار پرسی کی

# پاکستان نے کشمیر کے بارے میں وزیراعظم کی تقاریر پر بھارت کا اعتراض مسترد کردیا
## بھارت کے اعتراض نامہ کا جواب بھیج دیا گیا

# پاکستان کے تمام پسماندہ علاقوں کو بلا امتیاز ترقی دیجائیگی: وزیراعظم بھٹو

## ۳ لاکھ روپے کی لاگت سے تیار شدہ لاڑکانہ ریلوے سٹیشن کی نئی عمارت کا افتتاح
### کراچی، لاہور اور ملتان کے ریلوے سٹیشنوں کی بھی نئی عمارتیں بنائی جائیں گی

### وزیراعظم سے ترکی کے وزیر مملکت کی ملاقات

## دو پرچے

اس دفعہ ہم اپنے بعض قارئین کرام کی خدمت میں دو پرچے بھیج رہے ہیں۔ تاکہ وہ دوسرا پرچہ اپنے ایسے دوست احباب کو دے سکیں جنھیں پہلے ہی سے یہ اخبار نہ ملتا ہو۔ اس طرح امید ہے کہ نہ صرف یہ حضرات ہماری اس کاوش سے متعارف ہوں گے بلکہ اخبار پسند آنے کی صورت میں اس کی خریداری بھی قبول فرمائیں گے۔



ایک فوجی افسر پاکستان پہنچنے پر اپنے عزیزوں کے ساتھ۔

جمعہ کو کیمپ نمبر ۲۵، ۲۶، ۳۹ اور ۹۹ سے ۳۲ فوجی افسر ۸۳۳ فوجی جوان اور ۲۲ پولیس ملازمین وطن واپس آئے

## ۲۹ ہزار ۳۹۰ فوجی و سول باشندے واپس آچکے ہیں